[ AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**BILL**

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

WHEREAS it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing.

It is hereby enacted as follows.

1. **Short title and commencement.-**(1) This Bill may be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall be come into force at once and shall be deemed to be operative and enforced from and after 14-08-2013.

2. **Amendment of Article 27 of the Constitution.-** In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, in Article 27, in clause (1), in the proviso, for the word " forty" the word "sixty" shall be substituted.

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Quota for jobs was proposed in the Constitution for development and to provide opportunities to the people of under developed areas. After passage of forty years, these areas are still much back word. Hence, this amendment is proposed to extend the said period for providing more opportunities to the people of less developed areas.

2. The purpose of this Bill is to achieve the above said objectives.

Sd/-
**MS. ALIYA KAMRAN,**
Member, National Assembly.

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) بل ہذا دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا اور یہ ۲۰۱۳ء سے اور اس کے بعد موثر اور نافذ العمل تصور کیا جائے گا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۲۷ کی ترمیم۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۲۷ میں، شق (۱) میں، جملہ شرطیہ میں، لفظ ''چالیس'' کی بجائے لفظ ''ساٹھ'' تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

دستور میں ملازمت کے لئے کوٹہ کی تجویز غیر ترقی یافتہ علاقوں کے عوام کو ترقی دینا اور مواقع فراہم کرنا تھا۔ چالیس سال گزرنے کے بعد یہ علاقے ہنوز پسماندہ ہیں۔ لہٰذا کم ترقی یافتہ علاقوں کے عوام کو زیادہ مواقع فراہم کرنے کے لئے مذکورہ عرصہ میں توسیع دینے کے لئے ترمیم تجویز کی جاتی ہے۔

۲۔ بل ہذا کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط۔

**محترمہ عالیہ کامران**

رکن، قومی اسمبلی